© rasailojaraid.com

# نورِ ہدایت



## القرآن

### اتحاد و اتفاق

’’اور یہ کہ میرا سیدھا رستہ یہی ہے‘ تو تم اسی پر چلنا اور اور رستوں پر نہ چلنا کہ (ان پر چل کر) اللہ کے رستے سے الگ ہو جاؤ گے۔ ان باتوں کا اللہ تمہیں حکم دیتا ہے تاکہ تم پرہیز گار بنو۔‘‘

(انعام:۱۵۳)



## الحدیث

### فضیلتِ حسنین رضی اللہ عنہما

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:
’’جس شخص نے اِن دونوں (حسنؓ و حسینؓ) کے ساتھ محبت کی‘ اُس نے میرے ساتھ محبت کی۔ اور جس نے اِن کے ساتھ بغض وعناد رکھا‘ اس نے میرے ساتھ بغض رکھا۔‘‘

(مشکوٰۃ، متفق علیہ۔ ص ۵۶۸،۵۶۹)




### اعلائے کلمۃ الحق

’’دنیا میں حق وصداقت کی آواز کبھی تاج وتخت یا ایوان ومحل سے نہیں اٹھتی بلکہ ہمیشہ اس کا سر چشمہ ویران جنگلوں، چٹیل چٹانوں اور سنسان صحراؤں کے اندر رہا ہے اور یہ بھی اس شاہدِ عجائب پسند کا عجیب وغریب کرشمہ ہے کہ ہمیشہ شکستگی وافتادگی ہی کو محبوب رکھتا ہے۔ اپنا گھر بھی بناتا ہے تو ٹوٹے ہوئے زخمی دلوں میں، اپنی آواز بھی سناتا ہے تو کانٹے پڑے ہوئے خشک ہونٹوں کے ذریعے پھر اپنے حسن وجمال کی جلوہ گاہ بھی بنائے گا تو تاریک غاروں میں‘ شکستہ دیواروں اور پھٹی ہوئی چٹائیوں کو...... اگر وہ نہیں ہے تو آخر کون ہے جس کا ہاتھ گلیمِ فقر و مسکینی سے نکلتا ہے اور بادشاہوں کے تخت وتاج الٹ کر رکھ دیتا ہے۔ چند بے نوا فقیروں کو تھام لیتا ہے اور وہ لاکھوں دلوں کو دنیا کی بڑی بڑی قوتوں کے تسلط سے نکال کر اس کے آگے سر بسجود کرا لیتے ہیں۔‘‘

(امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد علیہ الرحمۃ)

© rasailojaraid.com